سوال

(359) زیور کتنے وزن کا ہو تو زکوٰۃ ادا کی جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

زیور کے متعلق حدیث میں جو آیا ہے کہ زکوٰۃ ادا کرنا چاہیے کیا مقدار کی کوئی حد ہے کتنا وزن ہونا چاہیے۔ ڈھائی تولہ کے زیور پر بھی زکوٰۃ پڑے گی؟ (ابو طلحہ، گوالہ کالونی) (۸ جنوری ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ زیورات کی زکوٰۃ دی جائے۔ اگر وہ سونا ہے تو 7(1/2) تولے خالص کا حساب لگا کر چالیسواں حصہ زکوٰۃ ادا کرنی چاہیے۔ اس سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔ محقق مسلک یہی ہے۔ ملاحظہ ہو ''سبل السلام''

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 306

محدث فتویٰ